~~(i) ... کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے؟~~

~~(ii) ... کی ... خصوصیات بیان کیجئے؟~~

Sample Question Paper XII class (Course - A)

اردو (الیکٹیو)

Urdu - (Elective)

وقت: 3/گھنٹے        2016 - 17        کل نمبر : 100

Time allowed: 3 Hours        Maximum Marks : 100

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10

کچھ دیر تک یہ دلفریب منظر پیش کرتے رہنے کے بعد مور نے آہستگی سے اپنے پھیلے ہوئے پر سمیٹ لئے۔ پروں کو سمیٹتے ہی ماحول پر چھائی ہوئی سحر انگیز کیفیت بھی ختم ہوگئی۔ سیّد نے سوچا کہ مور کو اپنے ملک میں قومی پرندہ ٹھیک ہی بنایا گیا ہے۔ حسن اور خوبصورتی میں کوئی اور پرندہ مور کا مقابلہ کر ہی نہیں سکتا۔ سید کو اس وقت کسی کتاب میں سے پڑھا ہوا ایک مضمون یاد آ گیا، جس میں بتایا گیا تھا کہ دنیا میں سات سے زیادہ اقسام کے مور پائے جاتے ہیں جو عام طور پر نیلے سبز اور سیاہ رنگوں کے ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں زیادہ تر نیلا مور ہی ملتا ہے، جو اپنے حسن، رعنائی اور دل کشی میں سب سے بڑھ چڑھ کر اور اپنی مثال آپ ہے۔ سفید مور بھی اپنے ہاں ہوتے ہیں لیکن بہت کم اور بھی کہیں کہیں صرف ہمالیہ کے جنگلوں میں۔

(i) مور کو قومی پرندہ کیوں کہا جاتا ہے؟

(ii) دنیا میں کتنے اقسام کے مور پائے جاتے ہیں؟

(iii) نیلے مور کی کیا خصوصیت ہے؟

(iv) ان لفظوں کا مفہوم واضح کیجئے:

دل فریب        سحر انگیز

(v) اپنی مثال آپ ہونا کے کیا معنی ہیں؟ اس محاورے کو اپنے جملے میں استعمال کیجئے۔

(یا)

خوجی سے ہماری پہلی ملاقات نواب صاحب کے تاریخی بٹیر صف شکن علی شاہ کے گم ہوجانے کے وقت ہوتی ہے، جہاں بہت سے مصاحب، نواب صاحب کو بٹیر کی گمشدگی پر تعزیت دے رہے ہیں، وہاں خوجی بھی ہے۔ اس میں کوئی خصوصیت ایسی ضرور ہے کہ وہ بہت جلد ہمیں اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔اس کی تیز زبان، اس کے فقرے، اس کی خالص افیونیوں کی سی گفتگو، سب میں ایک ذہین بھانڈ کی کیفیت ہے۔شروع میں ایسا نہیں معلوم ہوتا تھا کہ آگے بڑھ کر اس کی ہستی افسانے پر چھا جائے گی اور جہاں وہ نہ ہوگا وہاں ''فسانۂ آزاد'' کی دل کشی کو گھن لگ جائے گا۔لیکن جب نواب صاحب کی زبانی یہ معلوم ہوتا ہے کہ خوجی کی عمر ساٹھ سال ہے تو ہمیں اس کی باتوں میں ایک طرح کا مزا آنے لگتا ہے۔وہ اپنے خیال میں سنجیدگی سے رائے دے رہا ہے لیکن ہر شخص اسے چھیڑتا ہے۔وہ بھی خاموش نہیں رہ سکتا۔ ہر بات کا جواب دینا ضروری ہے۔ ہر جگہ اپنی برتری جتانا ضروری ہے اور ہر شخص پر تنقید کرنا لازمی ہے۔یہیں ہمیں اس کی سیرت کے ابتدائی نقوش مل جاتے ہیں جن کا زیادہ حصہ کتاب کے ختم ہونے تک باقی رہتا ہے۔اس کے ڈرنے اور نفرت کرنے کی چیزوں میں پائی جاتی ہے، جس کے نام سے وہ پناہ مانگتا ہے۔آگے چل کر اس میں کمہار اور بوا زعفران کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

(i) خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب اور کہاں ہوئی ؟

(ii) خوجی کن چیزوں سے ڈرتا اور نفرت کرتا ہے؟

(iii) خوجی کی کون سی خصوصیات بہت جلد اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے؟

(iv) مندرجہ بالا عبارت میں کس شاہکار تصنیف کا ذکر کیا گیا ہے؟

(v) درج ذیل کی وضاحت کیجئے:

گھن لگ جانا　　پناہ مانگنا　　تعزیت دینا　　برتری جتانا

2۔ ذیل میں کسی ایک سوال کا سو(100)الفاظ میں جواب لکھئے۔ 5

(i) آپ بیتی کی تعریف کیجئے اور بتایئے کہ ایک اچھی آپ بیتی میں کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟

(ii) سریندر پرکاش کے افسانے ''بجوکا'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھئے اور بتایئے کہ افسانہ نگار نے اس کے ذریعے کیا پیغام دیا ہے؟

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے: 10

(i) خورشید الاسلام نے ناول نگار کی کن ذمہ داریوں کو بیان کیا گیا ہے؟

(ii) افسانہ''فوٹوگرافر''میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے؟

(iii) ''تم نے زندگی کہاں دیکھی بیٹا، تم کیا سمجھ پاؤ گے'' اس جملے کے ذریعہ بوڑھا شخص کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iv) ''روشنائی'' کے عنوان سے سجاد ظہیر کی تحریر میں کون سی بات نمایاں کی گئی ہے؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے: 10

منزل عشق ہی یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی ڈوب چلا مے خانہ بھی

دیتے ہیں سراغ فصلِ گل کا
شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

انھیں گل رنگ دریچوں سے سحر جھانکنے لگی
کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے

(i) پانی کیوں ٹوٹ کے برسا اور اس کا کیا نتیجہ نکلا؟

(ii) گل رنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟

(iii) منزلِ عشق پہ شاعر کو کیا یاد آئے گا اور کیوں؟

(iv) ''کچھ پا گئے ہیں آ کی طرزِ بیاں سے ہم'' کا مطلب کیا ہے؟

(v) شاعر کو فصلِ گل کا سراغ کن چیزوں سے ملتا ہے؟

(یا)

فصل کے ساتھ ساتھ کھیتوں سے
اُگ رہی ہے بغاوتوں کی سپاہ

جگمگائی ہے عدل کی شمشیر
مل سکے گی نہ ظالموں کو پناہ

کارخانوں کے آہنی دل سے
ایک سیلاب سا ابلتا ہے

سرخ پرچم ہوا کے سینے پر
بن کے رنگِ شفق مچلتا ہے

یہی ہندوستان کا ساحل ہے
جس پہ ٹوٹا غرورِ سلطانی

(i) عدل کی شمشیر کے چمکنے سے کیا ہوگا؟
(ii) ''غرورِ سلطانی''ٹوٹنے کا کیا مطلب ہے؟
(iii) سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے؟
(iv) مندرجہ بالا نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(v) کھیتوں سے بغاوتوں کی سپاہ اُگنے کا کیا مطلب ہے؟

5

5- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا (100) الفاظ میں جواب لکھئے۔
(i) نظم کی تعریف کیجئے اور بتایئے کہ نظم کی کتنی قسمیں ہیں؟
(ii) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھئے؟

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 10

(i) الطاف حسین حالی کی حیات اور غزل گوئی کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے؟

(ii) نظم طباطبائی کی نظم 'گورِ غریباں' کی خصوصیات بیان کیجئے؟

(iii) 'خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں' اس مصرعے کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے؟

(iv) ''الٰہی شام اب گانو میں آنے نہ پائے'' اس بند میں نظم کا کردار شام سے کیوں خوف زدہ معلوم ہوتا ہے؟

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا (100) الفاظ میں جواب لکھئے۔ 4

(i) ناول ''بیوہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ اس ناول کے ذریعہ منشی پریم چند ہمیں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(ii) ویکوم محمد بشیر کے افسانہ ''جنم دن'' کا خلاصہ تحریر کیجئے؟

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 6

(i) موٹر کو دیکھ کر مصنف کو کیا خیال آیا اور وہ کیا سوچنے لگا؟

(ii) آغا حشر کاشمیری کی ڈرامہ نگاری کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالئے؟

(iii) نرمل ورما نے بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی ہے؟

(iv) دفعتاً چھینک آنے پر چیرویاکوف کا ردِّ عمل کیا تھا؟

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے۔ 20

(i) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر ایک نوٹ لکھئے؟

(ii) شمالی ہند میں اردو شعر و ادب کے آغاز پر اپنی معلومات تحریر کیجئے؟

(iii) ترقی پسند تحریک کیا ہے؟ اردو ادب میں اس کی اہمیت کا تعین کیجئے؟

(iv) خواجہ حیدر علی آتش کی زندگی اور ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے؟

10۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 15

(i) جوش ملیح آبادی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے؟

(ii) ترقی پسند ناول نگار کی حیثیت سے سعادت حسن منٹو کی خدمات کا جائزہ لیجئے؟

(iii) دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات قلمبند کیجئے؟

(iv) اردو کی ابتدا سے متعلق کسی تین نظریات کو تحریر کیجئے؟

11۔ درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے۔ 5

(i) مرزا غالب کا سن پیدائش ہے؟

(a) 1796ء (b) 1797ء (c) 1897ء

(ii) ذیل میں کون سی تصنیف 'احتشام حسین' کی نہیں ہے؟

(a) اعتبارِ نظر (b) ادب اور سماج (c) رگِ جہاں

(iii) ''مچھر'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) انشائیہ (b) خاکہ (c) افسانہ

(iv) ہیئت کے اعتبار سے نظم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) چار (b) تین (c) پانچ

(v) ''جس میں ایک مربوط قصہ بیان کیا گیا ہو اور جو ایک وسیع پس منظر میں زندگی کی ترجمانی کرتا ہو'' کہلاتا ہے؟

(a) داستان (b) افسانہ (c) ناول

............☆☆☆............